© rasailojaraid.com

فاضل مولف نے اپنے وسیع مطالعہ کے پس منظر میں ان وجوہ کا تجزیہ کیا ہے جو انسان کو اطمینانِ قلب سے محروم رکھنے کا باعث ہوتے ہیں۔ اس سلسلے میں نفسیاتی کیفیات، مروجہ اوہام، اسلامی عقائد و اقدار میں رخنہ اندازی کرنے والے اسباب کی نشاندہی کرکے اصلاحی صاحب نے یہ دکھایا ہے کہ کیا کیا ذہنی خرابیاں کس کس طرح پیدا ہوتی ہیں اور ان کا ازالہ کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ اس طریقے کی نشاندہی انہوں اسلامی نقطۂ نظر سے کی ہے۔

خاص بات یہ ہے کہ اس کتاب پر حال ہی میں مؤلف کو انعام ملا ہے۔

---

**آسام کا قتل عام** مصنف کا نام درج نہیں۔ ناشر: شعبۂ نشرواشاعت کل ہند مجلس تعمیر ملت، مدینہ مینشن، نارائن گوڑہ، حیدرآباد ۵۰۰۰۲۹ آندھرا پردیش۔ انڈیا۔ قیمت: ۵/-

آسام میں گذشتہ سال مسلمانوں کا جو ہلاکو خانی طرز کا قتلِ عام ہوا تھا، اس مختصر کتاب میں اس کی روداد ہے۔ اس سلسلے میں کل ہند مجلسِ تعمیرِ ملت کی رپورٹ اور اس کے صدر کا خط مسز اندرا گاندھی کے نام اہم ہے۔ زیادہ تر یہ حالات ہمارے ہاں کے اخبارات میں آچکے ہیں۔ البتہ اس کتاب میں دردناک مناظر کی تصاویر کچھ زیادہ ہیں۔

---

**قرآن کا تصورِ تعلیم** از جناب پروفیسر سید محمد سلیم۔ ناشر: ادارۂ تعلیمی تحقیق تنظیم اساتذہ پاکستان۔ ۸۔اے ذیلدار پارک، اچھرہ لاہور۔ صفحات: ۳۲۔ رنگین ٹائیٹل کے ساتھ قیمت: ۲/- روپے۔

مؤلف کو علمی کاموں، خصوصاً تعلیمی امور پر تحقیق کرنے میں خاص مقام حاصل ہے۔ اس پمفلٹ میں دکھایا گیا ہے کہ قرآن سے نظامِ تعلیم کے لیے کیا رہنمائی ملتی ہے۔

---

© rasailojaraid.com